غیرملکیوں کے جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کی قانونی حیثیت کے کنٹرول کرنے کے قواعد و طریقے کے بارے میں حدایت

-کارروائی کی قانونی بنیاد: غیرملکیوں کے متعلق ایکٹ مورخہ 12 دسمبر 2013 ء

-کارروائی کا مقصد: غیرملکیوں کے جمہوریہ پولینڈ میں آمد و رہائش گاہ کی شرائط کے متعلق قوانین کے احترام کرنے کا کنٹرول

جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کے دوران غیرملکی کے پاس درست سفری دستاویز اور جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کی اجازت دینے والے دستاویز ہونے چاہئیں، اگر ان کی ضرورت ہے۔

1- افسر، اپنا عہدیدار شناختی کارڈ یا شناختی نشان دکھائے ہوئے، مطالبہ کرسکتا ہے، تاکہ اسے دکھائے جائیں:

1) سفری دستاویز اور جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کی غیرملکی کو اجازت دینے والے دستاویز؛

2) مالی وسائل درج ذیل خرچ اٹھانے کے لئے:

ا) جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کے دوران غیرملکی کا گذارہ کرنے کے لئے

ب) رہائش گاہ کے ملک یا آبائی ملک میں غیرملکی کے واپسی سفر کے لئے،

پ)غیرملکی کے سفر کے لئے، جمہوریہ پولینڈ سے کسی تیسرے ملک میں، جو آمد کرنے کی اجازت دے گا؛

3) مالی وسائل حاصل کرنے کا امکان ثابت کرتا ہوا دستاویز؛

4)کام کرنے، اقتصادی سرگرمی چلانے یا کام دلانے کی اجازت دیتا ہوا دستاویز؛

5) جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کا مقصد و شرائط ثابت کرتے ہوئے دستاویز۔

2- اگر آپ کا کنٹرول ہوا ہے، افسر کے مطالبے پر مندرجہ بالا دستاویز کو اور مالی وسائل یا مالی وسائل حاصل کرنے کا امکان ثابت کرتے ہوئے دستاویز کو پیش کرنے کی آپ کی ذمہ داری ہے، اگر ان کی ضرورت ہے۔

3- اگر آپ کے پاس کوئی آپ کی شناخت ثابت کرتا ہوا دستاویز نہیں ہے، آپ کی شناخت کرنے کے لئے آپ کے انگلیوں کے نشانات لئے جائیں گے۔

شینگن ویزا کی صداقت کی جانچ کرنے کے لئے یا اس کے حامل کی شناخت کی جانچ کرنے کے لئے انگلیوں کے نشانات بھی لئے جا سکتے ہیں۔

غیرملکی سے لئے انگلیوں کے نشاناتوں کی جانچ ویزا معلومات نظام میں کی جاتی ہے۔

4- اگر کنٹرول کے دوران معلوم ہو گا کہ آپ ایک دستاویز استعمال کرتے ہے، جس کو آپ کی اس دفتر کو واپس کرنے کی ذمہ داری تھی، جس نے اسے بنوایا تھا، تب یہ دستاویز آپ سے لیا جائے گا۔ اس وجہ سے دستاویز رکھوانا

ثابت کرنےواله ایک کاغذ آپ کو مفت میں مل جائے گا اور یہ دستاویز اس دفتر کو بھجوایا جائے گا، جس نے اسے بنوایا تھا۔

5-کنٹرول کرنے کے بعد اگر یہ نتیجہ نکالا جائے گا کہ آپ کا رہائش گاہ غیرقانونی ہے، غیرملکی کے جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کی قانونی حیثیت کے کنٹرول کرنے کا پروٹوکول بنوایا جائے گا۔

6- اصل پروٹوکول آپ کو دستخط کرنے کے لئے دی جائے گی- یہ کرنے کے بعد آپ کو اس کی کوپی ملے گی-
اگر آپ پروٹوکول پر دستخط کرنا انکار کر دیں گے، اس کو بناتا ہوا افسر آپ کو اس کی کوپی اپنے دستخط کے ساتھ دے گا۔

7- اگر یہ نتیجہ نکالا جائے گا کہ:

1) آپ جمہوریہ پولینڈ میں رہتے ہیں کسی قانونی بنیاد کے بغیر،
2) مجاز محکمے کے مطالبہ پر آپ جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کی آپ کو اجازت دینے والے دستاویز کو پیش نہیں کرتے/کرتی ہیں، اگر ان کی ضرورت ہے،
3) مجاز محکمے کے مطالبہ پر آپ ضروری مالی وسائل یا ان کو حاصل کرنے کا امکان ثابت کرتا ہوا دستاویز کو پیش نہیں کرتے/کرتی ہیں،
4) رہائش گاہ کا کارڈ، غیرملکی کے لئے پولیش سفری دستاویز، غیرملکی کے لئے پولیش شناختی کارڈ یا *برداشت رہائش گاہ کا اجازت نامہ* دستاویز کو بدلنے یا واپس کرنے کی ذمہ داری کو پورا کرنا آپ انکار کرتے/کرتی ہیں،
5) رہائش گاہ کا کارڈ، غیرملکی کے لئے پولیش سفری دستاویز، غیرملکی کے لئے پولیش شناختی کارڈ یا *برداشت رہائش گاہ کا اجازت نامہ* دستاویز کے کھو جانے کے بارے میں ان کے کھو جانے سے 3 دن کے اندر آپ نے کسی کو مطلع نہیں کیا،
6) آپ کو واپس جانے کے لئے ذمہ دار کرنے کے فیصلے میں یا بالاراده واپس جانے کی مدت کی توسیع کرنے کے فیصلے میں طے کی گئ مدت میں آپ نے جمہوریہ پولینڈ چھوڑنے کی ذمہ داری پورا نہیں کی،
7) آپ بالاراده واپس جانے کی مدت کی توسیع کرنے کے فیصلے میں ذکر کئے محکمے میں طے وقتوں میں حاضر ہونے کی ذمہ داری پورا نہیں کرتے/کرتی ہیں،
8)آپ نے بالاراده واپس جانے کی مدت کی توسیع کرنے کے فیصلے میں آپ کے لئے طے کی گئی رہنے کی جگہ کو چھوڑا،
9) مقامی سرحدی ٹریفک میں سرحد پار کرنے کی اجازت کی بنیاد پر جمہوریہ پولینڈ میں آپ نے آمد کیا ہے اور:

ا) آپ سرحدی علاقے کے باہر رہتے/ رہتی ہیں، جہاں اجازت صرف اس کے اندز چلنے کی تھی، یا
ب) اس اجازت میں طے کئی گئی مدت گذرنے کے بعد آپ نے جمہوریہ پولینڈ کو نہیں چھوڑا ہے

- آپ کو جرمانا مل جا سکتا ہے۔

جرمانہ ایک پینل ٹکٹ کی شکل میں دیا جا سکتا ہے جو حرمانہ دےتے ہئے افسر کو خرچ کرنے کے بعد مجرم کو دی جاتی ہے۔ اس حالت میں جرمانہ 500 زلوٹی سے زیادہ دیا نہیں جا سکتا۔

آپ کا پینل ٹکٹ قبول کرنا انکار کر سکتے ہیں۔ اس حالت میں آپ کو سزا دینے کی عرضی عدالت کو پیش کی جاتی ہے، جو آپ کو 5000 زلوٹی تک کا جرمانہ دے سکتی ہے۔

افسر آپ کو کئے گئے جرموں کے لئے، جو اوپر ذکر کئے گئے جرم سے الگ ہیں، بھی جرمانہ دے سکتا ہے۔

8- آپ کے جمہوریہ پولینڈ میں رہائش گاہ کی قانونی حیثیت کے کنٹرول کرنے کا پروٹوکول بنوانا آپ کو پکڑنے (زیر حراست ہونے) اور آپ کے خلاف آپ کو واپس جانے کے لئے ذمہ دار کرنے کی کارروائی شروع کرنے کی بنیاد بن سکتا ہے۔